# عدالت عالیہ آزاد جموں و کشمیر مظفر آباد

............☆☆☆..................

"مظفر آباد"

مورخہ:21اپریل2025ء

**پریس ریلیز!**

نمبر/**926-9917**/انتظامیہ/ہائی کورٹ/2025ء۔ **جناب جسٹس صداقت حسین راجہ**، چیف جسٹس عدالت عالیہ آزاد جموں و کشمیر نے **"مرزا نواز جرال ایڈووکیٹ (برنالہ)"** کی ناگہانی وفات پر دِلی دُکھ و رنج کا اظہار کرتے ہوئے اپنے پیغام میں مرحوم کے لواحقین سے اظہارِ تعزیت کیا ہے۔ جناب چیف جسٹس نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطا کرے۔ جناب چیف جسٹس نے مرحوم مذکور کی وفات کے سوگ میں "**عدالت عالیہ ہیڈ کوارٹر مظفر آباد، سرکٹ بینچ ہاء راولاکوٹ، کوٹلی و میرپور**" اور "**جملہ ضلعی عدالت ہاء آزاد جموں و کشمیر**" ایک یوم بتاریخ **22اپریل2025ء (بروز منگل)** کے لیئے بندر کھے جانے کی منظوری بھی صادر فرمائی ہے۔

جناب چیف جسٹس نے متعلقہ اتھارٹیز ر پولیس کو شفاف اور منصفانہ تفتیش کرتے ہوئے ایڈووکیٹ مرحوم کے قتل میں ملوث عناصر کے خلاف فوری قانونی کارروائی عمل میں لانے اور قاتلوں کی جلد از جلد گرفتاری کے لیئے ضروری اقدامات کیئے جانے کی بھی ہدایات صادر فرمائی ہیں۔

(راجہ محمد ریاض شفیع)

**ایڈیشنل رجسٹرار**

**نقل بالا بخدمت:**

01۔ ناظم اعلیٰ صاحب، اطلاعات آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر، مظفر آباد برائے اشاعت در نامور روزنامہ جات۔

02۔ نمائندگان روزنامہ جات نوائے وقت/ جنگ/ خبریں/ پاکستان/ محاسب/ سیاست/ اوصاف، جموں و کشمیر۔

03۔ MIS منیجر صاحب، شعبہ آئی ٹی دفتر ہذا برائے اشاعت در آفیشل ویب سائیٹ۔

04۔ آفس کاپی/ متعلقہ فائلز۔

**ایڈیشنل رجسٹرار**